اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی شَفِیْعِ الْمُذْنِبِیْنَ سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا وَمُرْشِدِنَا وَرَاحَۃِ قُلُوْبِنَا وَطَبِیْبِ ظَاھِرِنَا وَبَاطِنِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَاَزْوَاجِہٖ وَاَھْلِ بَیْتِہٖ وَاَوْلِیَآءِ اُمَّتِہٖ وَاَھْلِ طَاعَتِکَ اَجْمَعِیْنَ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ

جسمانی کمزوری

جو شخص بیماری یا کسی اور وجہ سے سخت جسمانی کمزوری میں مبتلا ہو گیا ہو تو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔
اس مقصد کے لیے روزانہ ستر مرتبہ نادعلی پڑھے اور پانی پر دم کیا کرے۔
انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس کی کمزوری دور ہوتی جائے گی۔

کامیابی کا مرقع

جو شخص ہفتہ کے روز غسل کر کے دو رکعت نماز نفل ادا کرے اور پندرہ مرتبہ نادِ علی پڑھ کر وہیں مسجد میں خلوص نیت سے دعا مانگے۔ اوّل وآخر تین تین مرتبہ ذیل کا درود شریف پڑھ لے۔
انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم نمایاں کامیابی ہوگی۔

درود شریف:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ عَلٰی رُوْحِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاَرْوَاحِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی قَلْبِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْقُلُوْبِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی جَسَدِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَجْسَادِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی قَبْرِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْقُبُوْرِ

شر دشمن سے نجات

اگر کوئی شخص دشمنوں سے خائف ہو اور دشمنوں کے درمیان پھنس گیا ہو مارے جانے کا ڈر ہو تو اس مقصد کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید' فائدہ مند اور اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔
اس مقصد کے لیے پاک مٹی پر سات مرتبہ نادعلی پڑھ کر اس میں اوّل وآخر تین تین مرتبہ درود شریف ذیل پڑھ کر دم کرے اور ان کی طرف اڑا دے تو بحکم خدا اس کا کوئی ضرر اس کو نہ پہنچے گا اور ان سے نجات پائے گا۔
علاوہ ازیں ذیل کا نقش باوضو حالت میں زعفران وگلاب ومشک سے بنا کر اپنے دائیں بازو پر باندھے۔

درود تنجینا:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُنْجِیْنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ الْاَھْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِیْ لَنَا بِھَا جَمِیْعَ الْحَاجَاتِ وَتُطَھِّرُنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ السَّیِّاٰتِ وَتَرْفَعُنَا

بِهَا عِنْدَكَ اَعْلَى الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِهَا اَقْصَى الْغَايَاتِ مِنْ جَمِيْعِ الْخَيْرَاتِ فِى الْحَيَاةِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْر"

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۱۲۴۱۱	۱۲۴۱۶	۱۲۴۱۷	۱۲۴۰۶
۱۲۴۱۸	۱۲۴۰۵	۱۲۴۱۲	۱۲۴۱۵
۱۲۴۰۸	۱۲۴۱۹	۱۲۴۱۴	۱۲۴۰۹
۱۲۴۱۳	۱۲۴۱۰	۱۲۴۰۷	۱۲۴۲۰

فراخی رزق

اگر کوئی شخص توسیع رزق اور بلند مرتبہ حاصل کرنے کا خواہش مند ہو تو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لیے وہ ہر روز صبح کے وقت ایک سو مرتبہ نادعلی پڑھے۔ پڑھنے سے پہلے اور پڑھنے کے بعد گیارہ، گیارہ مرتبہ ذیل کا درود شریف پڑھ لیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم نادعلی معہ درود شریف پڑھنے سے مقصد میں نمایاں کامیابی ہوگی۔

علاوہ ازیں ذیل کا نقش باوضو حالت میں زعفران وگلاب ومشک سے بنا کر اپنے دائیں بازو پر باندھے۔

درود شریف:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَصَلِّ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۱۲۴۱۸	۱۲۴۰۵	۱۲۴۱۲	۱۲۴۱۵
۱۲۴۱۱	۱۲۴۱۶	۱۲۴۱۷	۱۲۴۰۶
۱۲۴۱۳	۱۲۴۱۰	۱۲۴۰۷	۱۲۴۲۰
۱۲۴۰۸	۱۲۴۱۹	۱۲۴۱۴	۱۲۴۰۹

حصول حب

جو کوئی حب کا حصول چاہتا ہو تو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید، نافع اور فائدہ مند ہے۔

اس مقصد کے لیے ایسا شخص ہر روز گیارہ بار نادعلی پڑھ کر اول وآخر سات سات بار ذیل کا درود شریف پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لے۔

انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی بدولت سے ہر شخص اس کو دوست رکھے گا۔

درود پاک:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِالنَّبِىِّ

الْاُمِّیِّ الْحَبِیْبِ الْعَالِی الْقَدْرِ الْعَظِیْمِ الْجَاہِ بِقَدْرِ عَظْمَۃِ ذَاتِکَ

دشمنوں کے شر سے محفوظ رہنے کے لئے

اگر کوئی شخص اپنے دشمنوں کے شر سے محفوظ رہنا چاہتا ہو تو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لیے وہ شخص ایک ہزار ساٹھ مرتبہ نادِ علی پڑھ کر دم کرے اور وہ پانی اپنے دشمن کو پلائے تو خدا کی قدرت سے دشمن کوئی وار نہ کر سکے گا۔ اوّل و آخر درود پاک تحیناً گیارہ، گیارہ مرتبہ پڑھنا بے حد مفید اور نافع ہے۔

حل المشکلات کے لئے

جو کوئی اپنی مشکلات کا حل چاہتا ہو تو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید فائدہ مند اور اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لیے روزانہ ایک سو ساٹھ مرتبہ نادِ علی پڑھے۔ اوّل و آخر گیارہ، گیارہ مرتبہ ذیل کا درود پاک پڑھ لیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم تمام مشکلات آسان ہوجائیں گی۔

علاوہ ازیں ذیل کا نقش باوضو حالت میں زعفران وگلاب ومشک سے بنا کر اپنے دائیں بازو پر باندھے۔

رود شریف:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سِرًّا وَّجَھْرًا اَللّٰھُمَّ صَلِّ

عَلٰی مُحَمَّدٍ فِی الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ فِی الْمَلَاءِ الْاَعْلٰی اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۱۲۴۱۸	۱۲۴۰۵	۱۲۴۱۲	۱۲۴۱۵
۱۲۴۱۱	۱۲۴۱۶	۱۲۴۱۷	۱۲۴۰۶
۱۲۴۱۳	۱۲۴۱۰	۱۲۴۰۷	۱۲۴۲۰
۱۲۴۰۸	۱۲۴۱۹	۱۲۴۱۴	۱۲۴۰۹

دلی مراد پوری ہوجائے

حاجتوں کے برآنے اور مشکلات کے حل کے لئے ذیل کا عمل بے حد نافع اور مجرب ہے۔

اس مقصد کے لئے باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر ہر روز ایک سو ستر مرتبہ بارہ روز تک نادِ علی پڑھے، اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دُعا مانگے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم بفضلِ خدا تعالیٰ نے چاہا تو مراد پوری ہوجائے گی۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ

مجرب عمل شفایابی

کوئی بھی ایسا مرض جو کسی علاج سے رفع نہ ہوتا ہو اور مریض علاج کرا کرا

کر تنگ آ چکا ہو تو ذیل میں دیا ہوا عمل مریض کے لیے شافی علاج ہے' اس عمل کو حضرت علامہ بونی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ نے اپنے تجربات میں لکھا ہے کہ یہ عمل تمام لاعلاج امراض کو دور کرنے کے لئے مجرب واکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔ انہوں نے تجربات میں یہ بھی لکھا ہے کہ میں نے یہ عمل ایک شخص جس کا نام محمود تھا اور وہ جذام کے مرض میں مبتلا تھا کو بتایا۔ اس شخص سے ہر کوئی نفرت کرتا تھا' اس نے اللہ تعالیٰ کا مبارک نام لے کر اس عمل کو شروع کیا اور وہ دو ہفتوں میں بالکل تندرست ہوگیا اور اس کے جسم پر مرض کا نام ونشان تک باقی نہ رہا۔ عمل یہ ہے۔

باوضو حالت میں مریض کے پاس بیٹھے اور ذیل کا درود شریف اوّل وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے' درمیان میں سات مرتبہ نادعلی پڑھے' پھر چار سو بائیس مرتبہ الشافی پڑھے' پھر مریض پر دم کرے اس کے ساتھ ہی ایک گلاس میں تھوڑا سا پانی لے کر اس پر دم کرے اور مریض کو پلاوے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم ہر طرح کے مرض سے شفائے کاملہ عطا فرمائے گا۔

(آمین)

درود پاک یہ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ

ارواح سفیلہ سے نجات

ارواح سفیلہ سے مکمل نجات کے لئے ذیل کا عمل عطیہ فقیری بے حد کارگر اور آزمودہ ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کے طریقہ کار پر سختی سے عمل پیرا ہوں اور اس کے مطابق سارا کام انجام دیں۔

بڑا گوشت	=	$1\frac{1}{4}$ کلو
لہسن چھلا ہوا	=	سات تری
ہلدی	=	$1\frac{1}{4}$ تولہ
سرخ مرچ سالم	=	سات عدد
حرمل	=	$1\frac{1}{4}$ تولہ
سیندور	=	$1\frac{1}{4}$ تولہ
سیاہ رنگ کپڑوں کو دینے والا	=	$1\frac{1}{4}$ تولہ
سیاہ زیرہ	=	$1\frac{1}{4}$ تولہ
سرخ رنگ کپڑوں کو دینے والا	=	$1\frac{1}{4}$ تولہ
دار چینی کے چھوٹے ٹکڑے	=	سات عدد

ان سب اشیاء کو کسی شاپر میں ڈالیں' ان کے اوپر تھوڑا سا نمک چھڑکیں اور جس طرح ہنڈیا کو تڑکا لگایا جاتا ہے ایک چمچ کھانے والا گھی یا تیل (جو گھر میں استعمال ہوتا ہے) وہ نیم گرم اوپر چھڑکیں اس شاپر کا منہ بند کر کے رات کو مریض کی چارپائی کے دائیں طرف باندھ دیں' صبح کو اٹھ کر صدقہ لے جانے والا سب سے پہلے اپنے اوپر سات مرتبہ آیت الکرسی اور اکتالیس مرتبہ اسم الٰہی علی پڑھ کر دم کرے' پھر صدقہ اٹھا کر سیدھا دریا یا نہر پر چلا جائے اور کنارے سے تقریباً ایک گز کے فاصلے پر کھڑا ہو کر اس صدقہ کو زور سے دریا میں ان الفاظ "یا خواجہ خضر! آپ کے حوالے" کہہ کر پھینک دے اور خود فوری طور پر وہیں زمین پر بیٹھ جائے تا کہ چکر آنے یا غیبی شے کی جانب سے دھکا لگنے پر کہیں چوٹ کا شکار نہ ہوجائے' پانچ منٹ کے بعد اٹھ کر دریا یا نہر کے پانی سے وضو کر کے اپنے اوپر سات مرتبہ آیت الکرسی اور اکتالیس مرتبہ نادعلی پڑھتے ہوئے دم کر لے' اس کے بعد ذیل کا نقش باوضو حالت میں دو عدد زعفران وگلاب سے تیار کریں۔

ان میں سے ایک نقش کو خوشبو لگا کر موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈالیں اور دوسرا نقش مریض جہاں سوتا ہو اس کے سر کے اوپر چھت سے کھلا اس طرح لٹکائیں کہ نقش کی عبارت مریض کی جانب سایہ فگن رہے۔

نقش:۔

ج
ھو
لا الٰہ الا اللّٰہ
۱۳۶اذف
۱۱۴۹۴۱۱۴ محمد رسول اللّٰہ
۱۳۶و ع ع ۳
وو
ر
م ا
م
ل
ع
ھ م ط ف ب ع ح ھ ر ی
ھھھھ۱۱ ع ع ع ع ع ع ع و ھ ص ۵۲ اآآح ۱۱۱۱۱ف

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ یَاحَافِظُ یَاحَفِیۡظُ یَارَقِیۡبُ یَاوَکِیۡلُ یَااَللّٰہُ
یَااللّٰہُ یَااللّٰہُ فَاللّٰہُ خَیۡرًا حَافِظاً وَّھُوَ اَرۡحَمُ الرّٰحِمِیۡنَ یَااللّٰہُ یَااللّٰہُ
لَااِلٰہَ اِلَّااللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰہِ

☆ ذیل کے سات عدد نقش باوضو حالت میں زعفران وگلاب سے بنائیں اور ان پر انہی کلمات کو اکیس مرتبہ پڑھ کر دم کریں ایک نقش کو ہر تیسرے روز پانی کی بوتل میں حل کریں اور یہ پانی مریض کو روزانہ دن میں پانچ مرتبہ پلائیں، نقوش کے کاغذ سنبھال کر رکھیں اور بعداز اکیس یوم انہیں کسی بہتے پانی میں بہادیں۔ایک نقش کا پانی تین یوم استعمال کرنا ہے، تین یوم کے بعد دوسرے نقش کا پانی استعمال میں لائیں۔

☆ اسی طرح انہیں الفاظ کا ایک نقش زعفران وگلاب سے تیار کر کے روغن کلونجی میں حل کر لیں اور روغن کلونجی پر ایک سو ایک مرتبہ اس کا ورد کر کے دم کریں اور اس سے اکیس یوم تک مریض کے پورے جسم اور سر کی مالش کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم مریض بالکل صحت یاب ہوجائے گا۔

نقش:۔

جبرائیل بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ میکائیل
فَاللّٰہُ خَیۡرًا حَافِظاً وَّھُوَ اَرۡحَمُ الرّٰحِمِیۡنَ
طٰہٰ o طٰسٓ o طٰسٓمٓ o یٰسٓ o وَالۡقُرۡاٰنِ الۡحَکِیۡمِ
حٰمٓعٓسٓقٓ o کٓھٰیٰعٓصٓ o نٓ o وَالۡقَلَمِ وَمَا یَسۡطُرُوۡنَ
سَلَامٌ قَوۡلًا مِّنۡ رَّبٍّ الرَّحِیۡمِ بحق یٰسٓ یٰسٓ
لَااِلٰہَ اِلَّااللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰہِ
نَادِ عَلِیًّا مَظۡھَرِ الۡعَجَائِبِ تَجِدۡہُ عَوۡنًا لَکَ فِی النَّوَائِبِ کُلُّ
ھَمٍّ وَغَمٍّ سَیَنۡجَلِیۡ بِعَظۡمَتِکَ یَااللّٰہُ یَااللّٰہُ بِنُبُوَّتِکَ
یَامُحَمَّدُ یَامُحَمَّدُ بِوِلَایَتِکَ یَاعَلِیُّ یَاعَلِیُّ
فَاللّٰہُ خَیۡرًا حَافِظاً وَّھُوَ اَرۡحَمُ الرّٰحِمِیۡنَ
عزرائیل فَاللّٰہُ خَیۡرًا حَافِظاً وَّھُوَ اَرۡحَمُ الرّٰحِمِیۡنَ اسرافیل

برائے کشف القلوب

سیدنا جنید بغدادی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ نے تحریر فرمایا ہے کہ ذیل کا عمل کشف القلوب کے لیے انتہائی مجرب ہے اس کے لیے پہلے دو رکعت نماز نفل بہ نیت کشف القلوب پڑھے پھر اس کا ثواب جمیع المسلمین والمسلمات کو بخشے اس کے بعد خلوص نیت سے دورد پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبۡدِکَ وَرَسُوۡلِکَ وَصَلِّ

عَلَى لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ

اکیس بار پڑھے اور پھر:۔

يَانُوْرُ تَنَوَّرْتَ بِالنُّوْرِ وَالنُّوْرُ فِيْ نُوْرِكَ يَانُوْرُ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ

دو سو چھپن بار پڑھے اور پھر نادعلی کبیر تین سو تیرہ مرتبہ پڑھ کر ذیل کی دُعا مانگے' اس کے بعد درود شریف :۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَصَلِّ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ

نو بار پڑھ کر اپنے دل پر پھونک مارے۔

دُعا:۔

یا الٰہی جب یونس علیہ السلام نے دُعا کی کہ ظلمت و تاریکی سے نجات دے تو تو نے ان کی دُعا قبول کی۔ الٰہی میری دُعا بھی قبول فرما اور گناہوں کی تاریکی سے نجات دے اور ابراہیم علیہ السلام نے دُعا کی کہ تو مردے کس طرح زندہ کرتا ہے' مجھے دکھا تو ان کی دُعا قبول فرمائی الٰہی! میری دُعا بھی قبول فرما اور میرے دل کو زندہ فرما دے بحرمت سید المرسلین ﷺ آمین یا ارحم الراحمین وبحق نَادِ عَلِيًّا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْهُ عَوْنًا لَّكَ فِي النَّوَائِبِ كُلُّ هَمٍّ وَّغَمٍّ سَيَنْجَلِيْ بِعَظْمَتِكَ يَااَللّٰهُ يَااَللّٰهُ يَااَللّٰهُ بِنُبُوَّتِكَ يَامُحَمَّدُ

يَامُحَمَّدُ يَامُحَمَّدُ بِوِلَايَتِكَ يَاعَلِيُّ يَاعَلِيُّ يَاعَلِيُّ

عمل معظم قضائے حاجات

کیسی ہی مشکل کیوں نہ پیش آئے اور کتنی ہی عظیم حاجت ہو ذیل کے درود پاک اور نادعلی کے عمل سے وہ بفضل باری تعالیٰ فوری طور پر حل ہو۔ طریق عمل یہ ہے کہ ایام بیض کے روزے رکھے اور بعداز نماز مغرب اسی جگہ بیٹھ کر اس درود پاک اور نادعلی کو عشاء تک بغیر کسی وقفہ اور کسی سے بات چیت کے پڑھے' سب سے پہلے بسم اللہ شریف انیس بار اور اس کے بعد بلا تعداد درود ذیل اور نادعلی پڑھتا رہے۔

درود محمود:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ شَجَرَةِ الْاَصْلِ النُّوْرَانِيَّةِ وَلَمْعَةِ الْقَبْضَةِ الرَّحْمَانِيَّةِ وَمَعْدِنِ الْاَسْرَارِ الرَّبَّانِيَّةِ وَخَزَائِنِ الْعُلُوْمِ الْاِصْطِفَائِيَّةِ صَاحِبِ الْقَبْضَةِ الْاَصْلِيَّةِ وَالْبَهْجَةِ السَّنِيَّةِ الرُّتْبَةِ الْعُلْيَةِ مِنَ الدَّرَجَةِ النَّبِيُّوْنَ تَحْتَ لِوَائِهٖ فَهُمْ مِنْهُ وَاِلَيْهِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ عَدَدَ مَاخَلَقْتَ وَرَزَقْتَ وَاَمَتَّ اِلٰى يَوْمِ تُبْعَثُ مَنْ اَفْنَيْتَ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

عمل برائے حصول دولت و غنا

حصول دولت و غنا کے لیے یہ عمل لاجواب اور اکسیر اعظم کا درجہ رکھتا ہے۔

(عطیہ امیر گنج نوشاہی قادریؒ)

اس مقصد کے لیے بعد از نماز فجر درود پاک تاج شریف (ایک بار) اور نادعلی (ایک بار) پھر:۔

اللھم انی اسئلك منتھی الرحمه من کتابك واسمك الاعظم وجدك الاعلی وکلمات التامة

(تین بار)

☆ پھر **الحمد لله رب العالمین** (سترہ بار)

درود تاج شریف (سترہ بار)

نادعلی (سترہ بار)

☆ **الرحمن الرحیم** (بارہ بار)

درود تاج شریف (بارہ بار)

نادعلی (بارہ بار)

☆ **مالك یوم الدین** (گیارہ بار)

درود تاج شریف (گیارہ بار)

نادعلی (گیارہ بار)

☆ **ایاك نعبدوایاك نستعین** (اُنیس بار)

درود شریف تاج (اُنیس بار)

نادعلی (اُنیس بار)

☆ **اھدنا الصراط المستقیم** (اُنیس بار)

درود شریف تاج (اُنیس بار)

نادعلی (اُنیس بار)

☆ **صراط الذین انعمت علیھم** (اُنیس بار)

درود شریف تاج (اُنیس بار)

نادعلی (اُنیس بار)

☆ **غیر المغضوب علیھم ولاالضالین** (پچیس بار)

درود شریف تاج (پچیس بار)

نادعلی (پچیس بار)

امین (پانچ بار)

☆ اس کے بعد یہ دُعا:۔

اللھم انی اسئلك واتوجه الیك بنبیك محمد نبی الرحمة یا رسول الله انی توجھت بك الی ربی فی حاجتی ھذه لتقضی لی حاجتی

(تین بار)

پڑھ لیں۔

سوکڑے کا علاج

جو کوئی مرض سوکڑے میں مبتلا ہو اور اس سے نجات حاصل کرنا چاہتا ہو تو اس مقصد کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

باوضو حالت میں سات مرتبہ نادعلی اور ذیل کا درود پاک پڑھ کر نمک پر دم کریں اور اسے اس طریقہ سے بیمار استعمال کرے کہ روزانہ کھانے سے پہلے اور سونے سے پیشتر اور جاگنے کے بعد گویا کہ روزانہ چھ بار نمک چکھ لیا کرے اگر مرض میں اضافہ دکھائی دے تو بھی نمک کا استعمال تین ماہ تک جاری رکھا جائے‘ اگر مریض اس عمل پر مداومت کرے تو انشاء اللہ تعالی العزیز الحکیم اس مرض سے نجات پاجائے گا۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّۃٍ مِائَۃَ اَلفِ اَلفِ مَرَّۃٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ

افزونی قوت حافظہ

اگر کسی کی قوت حافظہ کمزور ہو' کوئی بھی سبق یا بات زیادہ دیر تک یاد نہ رہتی ہو بھول جانے کی عادت پڑ گئی ہو تو ایسے شخص کو ہر روز باوضو حالت میں ستر مرتبہ نادعلی پڑھ کر اوّل وآخر گیارہ' گیارہ مرتبہ ذیل کادرود پاک پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز چند دنوں میں ہی اس کا ذہن تیز ہوجائے گا۔بھول جانے کی شکایت جاتی رہے گی۔قوت حافظہ تیز ہوجائے گا۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ کَمَا لَانِھَایَۃَ لِکَمَالِکَ وَعَدَدَ کَمَالِہٖ

خیالات فاسدہ سے نجات

جو کوئی خیالات فاسدہ سے نجات حاصل کرنا چاہے تو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لیے رات کو سونے سے پیشتر سات مرتبہ نادعلی اور اوّل وآخر تین' تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر چند گھونٹ پانی پر دم کر کے پی لے اور چھاتی پر پھونک مار کر سوجائے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم بفضلِ باری تعالیٰ گندے خیالات سے چھٹکارا حاصل ہوجائے گا۔

درود شریف:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمُوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلِّمْ

زوجین کی جنسی بندش

عورت اور مرد کی جنسی بندش سے نجات کے لئے ذیل کا عمل بے حد اکسیر اور آزمودہ ہے۔

اس مقصد کے لئے دریا یا نہر سے پانی لائیں' ساتھ ہی بیری کے پتے سات سات عدد لے کر نادعلی ہر پتے پر لکھیں اور ان پتوں کو پانی میں ڈال کر ابالیں اور چھان کر اس پانی پر نادعلی بہتر (۷۲) مرتبہ پڑھ کر دم کریں' اس کے علاوہ سورہ الناس اکتالیس مرتبہ بھی پڑھ کر دم کریں اب اس پانی سے مرد اور عورت غسل کریں اور بعداز غسل اپنے اوپر سورہ الناس گیارہ مرتبہ اور نادعلی اکیس مرتبہ پڑھ کر دم کریں یہ عمل گیارہ یوم تک جاری رہے گا۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت عورت یا مرد جنسی بندش کے مرض میں مبتلا ہوں گے تو اس سے مکمل نجات مل جائے گی۔

ناممکن مہم میں کامیابی

جو کوئی شخص کام میں کامیابی کا خواہاں ہو تو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لیے پانچ روز تک روزانہ چار سو مرتبہ نادعلی پڑھنے سے اور ساتھ ہی اوّل وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ ذیل کا درود پاک پڑھ لینے سے انشاء اللہ تعالیٰ بفضلِ باری تعالیٰ نمایاں کامیابی ہوگی۔

درود شریف:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ شَجَرَۃِ الْاَصْلِ النُّوْرَانِیَّۃِ وَلَمْعَۃِ الْقَبْضَۃِ الرَّحْمَانِیَّۃِ وَمَعْدِنِ الْاَسْرَارِ الرَّبَّانِیَّۃِ وَخَزَائِنِ

الْعُلُوْمِ الْاِصْطِفَائِيَّةِ صَاحِبِ الْقَبْضَةِ الْاَصْلِيَّةِ وَالْبَهْجَةِ السُّنِمَةِ الرُّتْبَةِ الْعَلِيَّةِ مِنَ الدَّرَجَةِ النَّبِيُّوْنَ تَحْتَ لِوَائِهٖ فَهُمْ مِنْهُ وَاِلَيْهِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ عَدَدَ مَاخَلَقْتَ وَرَزَقْتَ وَاَمَتَّ اِلٰى يَوْمِ تُبْعَثُ مَنْ اَفْنَيْتَ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

خوف و گھبراہٹ سے نجات

اگر کسی پر کام کرتے وقت دل پر گھبراہٹ اور چہرے پر خوف طاری ہو جاتا ہو تو اس خوف اور گھبراہٹ سے نجات حاصل کرنے کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید، مجرب اور اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لیے اوّل و آخر تین تین مرتبہ درود پاک اور نادعلی تین بار پڑھ کر پھر یہ کلمات پڑھے۔

کلمات:۔

يَاحَيُّ يَاقَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ

انشاء اللہ تعالیٰ کسی بھی کام میں گھبراہٹ طاری نہیں ہوگی۔

درود پاک:۔

اَللّٰهُ رَبُّ مُحَمَّدٍ صَلّٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَا نَحْنُ عِبَادُ مُحَمَّدٍ صَلّٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَا

حادثات سے محفوظ رہے

ہر قسم کے حادثات سے محفوظ رہنے کے لئے رات کو دو بجے تا تین بجے باوضو ہو کر اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک ابراہیمی کی منزل کرے اور مرتبت المقدم کا ورد کریں اور دورانِ سفر دل میں یا حفیظ کا ورد جاری رکھیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم حادثات سے محفوظ رہے گا۔

درود شریف:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

دشمن کو بیمار کرنے کے لئے

دشمن کو ہلاک کرنے یا مار ڈالنے کے لئے کھڑے رہ کر وہ ایک خط کھینچے اور اس خط پر ایک سو مرتبہ نادعلی اور گیارہ گیارہ مرتبہ ذیل کا درود شریف اوّل و آخر پڑھ لیں اور پڑھنے کے بعد دشمن کا نام پڑھے تو وہ ضرور بیمار ہوگا۔

درود پاک:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْقَاهِرِيْنَ عَلٰى اَعْدَآءِ سِحْرٍ وَالسَّاحِرِيْنَ بِلُطْفِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ ○

دشمن کو دوست بنانا

اگر کوئی کسی دشمن کو اپنا دوست بنانا چاہتا ہے تو اس مقصد کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اگر ایسا شخص سو مرتبہ پاک مٹی پر نادعلی اور اوّل وآخر تین، تین مرتبہ درود شریف پڑھ لے اور یہ مٹی دم کی ہوئی کسی پاک صاف بہتے ہوئے پانی میں بہادے تو انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم بفضلِ باری تعالیٰ وہ آدمی دوست بن جائے گا۔

درود شریف:۔

اللھم صل علی شفیع المذنبین سیدنا ومولنا ومرشدنا وراحة قلوبنا وطبیب ظاهرنا وباطننا محمد وعلی اله واصحابه وازواجه واهل بیته واولیاء امته واهل طاعتك اجمعین الی یوم الدین

میاں بیوی میں موافقت

اگر میاں بیوی کی آپس میں نااتفاقی پیدا ہوجائے اور گھر میں ہر وقت لڑائی جھگڑا کا ماحول رہتا ہو اور ان کی آپس میں کسی طرح بھی نہ بنتی ہو تو اس مقصد کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لیے اوّل وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف تنجینا کی منزل کریں پھر ایک سو ایک مرتبہ نادعلی کا ورد کریں۔ ورد کرنے کے بعد کسی کھانے والی چیز پر دم کر کے میاں بیوی کو علیحدہ علیحدہ کھلا دیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز حالات پرسکون ہوجائیں گے۔

مخالفین کو زیر کرنا

جو کوئی اپنے مخالفین کو زیر کرنا چاہتا ہے تو اس مقصد کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے ہر صبح بعد نماز فجر ستر مرتبہ نادعلی کی ایک سو سات مرتبہ منزل کرے اور اوّل وآخر درود شریف ذیل سات، سات مرتبہ پڑھ کر بارگاہ الٰہی میں سجدہ ریز ہو کر زاری کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز دشمن زیر ہوگا۔

درود شریف:۔

الصلوة والسلام علیك یا رسول الله وعلی الك واصحابك وجمیع الانبیاء والمرسلین بعدد کل ذرة وخلائق دائما ابدا وانت وسیلتی خذ یدی یا حبیب الله

مفید ترین عمل

جو کوئی اپنے تمام مقاصد میں کامیابی کا خواہاں ہو تو اس کے لئے ذیل کا عمل از حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے بعد از نماز عصر باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر کسی سفید کاغذ پر زعفران وگلاب و مشک سے ذیل کا نقش بنائیں اور خوشبو لگا کر اس پر سورۂ ملک ایک سو ایک مرتبہ اور نادعلی ایک سو اکیاون مرتبہ پڑھ کر دم کریں، موم جامہ کر کے گلے میں پہنیں یا دائیں بازو پر باندھیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت ہر کام درست اور صحیح طریقہ سے

ہو گا اور کسی بھی کام میں رکاوٹ نہ پڑے گی۔

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

نادِ علیاً مظہر العجائب تجدہ عوناً لک فی النوائب

۱۹۹۳۵	۱۹۹۳۱	۱۹۹۰۶	۱۹۹۱۳	۱۹۹۱۹
۱۹۹۰۷	۱۹۹۱۴	۱۹۹۲۰	۱۹۹۲۶	۱۹۹۲۷
۱۹۹۲۱	۱۹۹۲۲	۱۹۹۲۸	۱۹۹۰۸	۱۹۹۱۵
۱۹۹۲۹	۱۹۹۰۹	۱۹۹۱۶	۱۹۹۱۷	۱۹۹۲۳
۱۹۹۱۲	۱۹۹۱۸	۱۹۹۲۴	۱۹۹۳۰	۱۹۹۱۰

کُلُّ ہَمٍّ وَّغَمٍّ سَیَنْجَلِیْ بِعَظَمَتِکَ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ بِنُبُوَّتِکَ

یا محمد یا محمد یا محمد بولایتک یا علی یا علی یا علی

حصول رشتہ

اگر کسی گھر میں لڑکے لڑکی کی طرف سے رشتے کے مسئلے پر پریشانی ہو اور لڑکے یا لڑکی کے لئے رشتہ نہ ملتا ہو تو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید اور اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لیے ہر نماز کے بعد اوّل اکیس مرتبہ ذیل کے درود پاک کا ورد کرے پھر ایک سو ایک مرتبہ نادعلی کا وِرد کرے اور نادعلی کا ورد کرنے کے بعد پھر ذیل کا درود پاک اکیس مرتبہ پڑھے جب تک مطلوبہ مقصد حاصل نہ ہو اس عمل کو جاری رکھیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم جلد ہی رشتے کی پریشانی دور ہو جائے گی۔

درود شریف:۔

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ وَعَلٰی آلِکَ وَاَصْحَابِکَ وَجَمِیْعِ الْاَنْبِیَاءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّۃٍ وَّخَلَائِقَ دَائِمًا اَبَدًا وَاَنْتَ وَسِیْلَتِیْ خُذْیَدِیْ یَاحَبِیْبَ اللّٰہِ

اسرار علم لدنی حاصل کرنا

اسرار علم لدنی پانے کے خواہاں اشخاص روزانہ بعداز نماز فجر نادعلی کا ورد سولہ بار بمع درود شریف ذیل اوّل و آخر تین تین مرتبہ کر کے اللہ تعالیٰ عزوجل کے حضور دُعا کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی چالیس یوم کی مداومت سے اسرار علم لدنی ظاہر ہونا شروع ہو جائیں گے۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّعْدِنِ الْاَنْوَارِ وَالْاَسْرَارِ وَکَاشِفِ الْاَسْتَارِ وَکَاشِفِ الْاَسْرَارِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَانُوْرَ الْاَنْوَارِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَامَعْدِنَ الْاَسْرَارِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَاکَاشِفَ الْاَسْتَارِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَاکَاشِفَ الْاَسْرَارِ اِکْشِفْ عَیْنِیْ اِکْشِفْ قَلْبِیْ اِکْشِفْ صَدْرِیْ یَاکَاشِفَ الْاَسْرَارِ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ

خُذْ بِيَدِىْ اَعِيْنُوْنِىْ اَغِيْثُوْنِىْ يَاصَادِقُ صِدقِ
قَوْلِكَ مَنْ عَسُرَتْ عَلَيْهِ حَاجَة" فَلْيُكْثِرْ بِالصَّلٰوةِ
عَلَىَّ فَاِنَّهَا تَكْشِفُ الْهُمُوْمَ وَالْغُمُوْمَ وَالْكُرَبَ وَتُكَثِّرُ
الْاَرْزَاقَ وَتَقْضِى الْحَوَائِجَ يَاقَاضِىَ الْحَاجَاتِ
وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْكَ وَعَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ

حصول خیر و برکت رزق

دُکان میں رزق کی خیر و برکت کے حصول کے لئے روزانہ بسم اللہ شریف پڑھ کر دکان کھولیں، کھولنے کے بعد باوضو حالت میں اوّل گیارہ مرتبہ درود پاک تاج پڑھے پھر گیارہ مرتبہ نادِ علی کی منزل کریں، اس کے بعد پھر گیارہ مرتبہ ذیل کا درود پڑھیں اور دوکان کے چاروں کونوں میں پھونک ماریں۔

نیز ذیل کا نقش زعفران و گلاب و مشک سے سفید کاغذ پر بنا کر اس کو خوشبو لگائیں اور فریم کر کے دکان کی قبلہ رخ دیوار میں لٹکا دیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ بفضلِ باری تعالیٰ دُکان میں خیر و برکت پیدا ہوجائے گی۔

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۲۹۵۲۱	۲۹۵۳۵	۲۹۵۳۲	۲۹۵۲۸
۲۹۵۳۳	۲۹۵۲۷	۲۹۵۲۲	۲۹۵۳۴
۲۹۵۲۶	۲۹۵۳۰	۲۹۵۳۷	۲۹۵۲۳
۲۹۵۳۶	۲۹۵۲۴	۲۹۵۲۵	۲۹۵۳۱

دافع آفات و مصائب

اگر کوئی کسی مصیبت یا آفت میں گرفتار ہوجائے تو اسے چاہیئے کہ اوّل گیارہ مرتبہ درود پاک ذیل پڑھے، پھر ذیل کے یہ کلمات تین سو تیرہ پڑھے۔

ان کلمات کو پڑھنے کے بعد پھر نادِ علی ایک سو ایک مرتبہ پڑھ لیں۔ نادِ علی پڑھنے کے بعد پھر گیارہ مرتبہ ذیل کے درود پاک کا ورد کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد مصیبت اور آفت سے چھٹکارا حاصل ہوگا۔

درود شریف:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا
صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ
حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ
مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ
اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

حسب الخواهش

اگر کوئی شخص کسی جگہ پر نکاح کرنے کا خواہش مند ہو، گھر پر کوئی اس رشتہ پر راضی ہو اور کوئی ناراض ہو تو ایسی صورت میں سب گھر والوں کو راضی کرنے کے لیے ذیل کا عمل بے حد اکسیر اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لیے ہر روز بعد نماز فجر کے باوضو حالت میں قبلہ رو ہو کر بیٹھے اور کسی سے کوئی کلام نہ کرے اور پچیس مرتبہ نادِ علی پڑھے اور دُعا مانگے، نیز اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک کا ورد کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس کی دُعا بارگاہ الٰہی میں قبولیت کا شرف حاصل

کرے گی اور جس جگہ چاہتا ہے اس کی شادی نکاح ہو جائے گا۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ صَلٰوتَكَ وَرَحْمَتَكَ وَبَرَكَاتَكَ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ وَاِمَامَ الْمُتَّقِيْنَ وَخَاتَمَ النَّبِيِّيْنَ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ اِمَامِ الْخَيْرِ وَقَائِدِ الْخَيْرِ وَرَسُوْلِ الرَّحْمَةِ اَللّٰهُمَّ ابْعَثْهُ الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ نِ الَّذِیْ يَغْبِطُهٗ بِهِ الْاَوَّلُوْنَ وَالْاٰخِرُوْنَ

باھمی دشمنی کا خاتمہ

ایسے دوست، عزیز یا محلہ دار جو کسی طرح بھی دشمنی ختم کرنے پر آمادہ نہ ہوتے ہوں اور صلح کے لئے دونوں میں سے کوئی پہل کرنے کے لئے تیار نہ ہوتا ہو، دونوں پارٹیوں کے مابین دشمنی کا خاتمہ ہو جائے اور دونوں صلح پر آمادہ ہو جائیں تو اس مقصد کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

باوضو حالت میں بادام کی چند گریاں لے کر اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ ذیل کا درود شریف پڑھے، درمیان میں اکتالیس مرتبہ ناد علی پڑھ کر دم کرے، پھر اللہ تعالیٰ عزوجل کے حضور دُعا مانگے۔

دُعا:۔

''یا اللہ تعالیٰ تو غفور رحیم ہے، تو وحدہ لاشریک ہے تو بڑا رحم و کرم کرنے والا ہے، تیری پاک ذات بڑی کریم و عظیم ہے تو ان دونوں کے دلوں میں محبت و اخوت کے جذبات ایک دوسرے کے لئے پیدا کر دے۔''

اور یہ بادام کی چند گریاں دم کی ہوئیں ان دونوں کو کھلا دیں۔

علاوہ ازیں ذیل کا نقش زعفران وگلاب و مشک سے کسی سفید کاغذ پر بنا کر خوشبو لگا کر اپنے دائیں بازو پر باندھے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم بفضل خدا چند یوم کے عمل سے دونوں کے مابین محبت پیدا ہو جائے گی۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰى نُوْرِ الْاَنْوَارِ وَسِرِّ الْاَسْرَارِ وَتِرْيَاقِ الْاَغْيَارِ وَمِفْتَاحِ الْيَسَارِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْمُخْتَارِ وَاٰلِهِ الْاَطْهَارِ وَاَصْحَابِهِ الْاَخْيَارِ عَدَدَ نِعَمِ اللّٰهِ وَاَفْضَالِهٖ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۱۲۴۱۵	۱۲۴۰۶	۱۲۴۲۰	۱۲۴۰۹
۱۲۴۱۲	۱۲۴۱۷	۱۲۴۰۷	۱۲۴۱۴
۱۲۴۰۵	۱۲۴۱۶	۱۲۴۱۰	۱۲۴۱۹
۱۲۴۱۸	۱۲۴۱۱	۱۲۴۱۳	۱۲۴۰۸

بُری عادات سے چھٹکارا

جو کوئی شخص بُری عادات میں مبتلا ہو اور چاہتا ہو کہ اس کی بری عادات اس سے

چھوٹ جائیں اور اس کے دل میں برائی کے خلاف زبردست نفرت پیدا ہوجائے' وہ برائی کو چھوڑنے کا ارادہ کرے اور اس کے ارادے کو تقویت حاصل ہو تو اس مقصد کے لیے ذیل کا عمل بے حد نافع اور مفید ہے۔

اُسے چاہیے کہ وہ ہر نماز پابندی سے باجماعت ادا کرے ہر نماز کے بعد تسبیح فاطمہ ۳۳ بار سبحان اللہ' ۳۳ مرتبہ الحمد للہ اور ۳۴ مرتبہ اللہ اکبر' ایک سو ایک بار نادعلی کا ورد کرے۔ اوّل وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ ذیل کا درود پاک کا ورد کرکے بارگاہ الٰہی میں سجدہ ریز ہوکر فریاد کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم بفضلِ خدا بُری عادات سے چھٹکارا حاصل ہوگا۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ قَدْ ضَاقَتْ حِیْلَتِیْ اَدْرِکْنِیْ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ

ادائیگی قرض کے لئے

جو کوئی قرض میں مبتلا ہو اور ادائیگی قرض کی کوئی صورت اسے نظر نہ آتی ہو تو اس مقصد کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے ہر روز بعداز نماز فجر' عصر اور عشاء ذیل کی آیت مبارکہ و نادعلی کو اکیس' اکیس مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ عزوجل کے حضور دُعا مانگے۔ بفضل باری تعالیٰ بہت جلد خزانہ غیب سے قرض کے اترنے کی سبیل پیدا ہو جائے گی۔

آیت مبارکہ:۔

قُلِ اللّٰھُمَّ مٰلِکَ الْمُلْکِ تُؤْتِی الْمُلْکَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْکَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ

تَشَآءُ ط بِیَدِکَ الْخَیْرُ ط اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ o

نادعلی:۔

نَادِ عَلِیًّا مَظْهَرَ الْعَجَآئِبِ تَجِدْهُ عَوْنًا لَّكَ فِی النَّوَآئِبِ كُلُّ هَمٍّ وَّغَمٍّ سَيَنْجَلِیْ بِعَظَمَتِكَ يَااَللّٰهُ يَااَللّٰهُ يَااَللّٰهُ بِنُبُوَّتِكَ يَامُحَمَّدُ يَامُحَمَّدُ يَامُحَمَّدُ بِوِلَايَتِكَ يَاعَلِیُّ يَاعَلِیُّ يَاعَلِیُّ

غلام اور اولاد فرمانبردار ہو

اگر کسی کی اولاد یا غلام نافرماں ہو اور بغاوت پر آمادہ ہو اور وہ شخص اس وجہ سے بہت زیادہ پریشان اور ڈسٹرب ہو تو اُس غلام یا اولاد کی نافرمانی دور کرنے کے لئے ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کی آیات مبارکہ کو اکیس مرتبہ پڑھ کر اس کے دائیں کان میں اور نادعلی اکیس مرتبہ پڑھ کر اس کے بائیں کان میں پھونک لگادیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم چالیس روز کے عمل مسلسل سے وہ مکمل فرمانبردار و مطیع ہو جائے گا۔

آیت مبارکہ:۔

اَفَغَیْرَ دِیْنِ اللّٰہِ یَبْغُوْنَ وَلَهٗۤ اَسْلَمَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّکَرْهًا وَّ اِلَیْهِ یُرْجَعُوْنَ o

مُلک زوال سے محفوظ رہے

جو شخص نادعلی ہر روز ۶۵ مرتبہ پڑھے گا اور اوّل وآخر گیارہ' گیارہ مرتبہ درود

شریف کی منزل کرے گا۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم بفضلِ رب تعالیٰ اس کا ملک اس کی برکات وفضیلت سے زوال سے محفوظ رہے گا۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی نُورِ الْاَنْوَارِ وَسِرِ الْاَنْوَارِ وَتِرْیَاقِ الْاَغْیَارِ وَمِفْتَاحِ الْیَسَارِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْمُخْتَارِ وَاٰلِہٖ الْاَطْھَارِ وَاَصْحَابِہٖ الْاَخْیَارِ عَدَدَ نِعَمِ اللّٰہِ وَاَفْضَالِہٖ

دفع فقر و فاقہ

جو شخص چاہتا ہے کہ اس کی محتاجی اور فقر و فاقہ دور ہوجائے تو اس مقصد کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لیے صبح کو اپنے ہاتھ بند کر کے ایک سو دس مرتبہ نادعلی باوضو پڑھے، اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف کی منزل کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم کبھی کسی دوسرے کا محتاج نہ ہوگا۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ قَدْ ضَاقَتْ حِیْلَتِیْ اَدْرِکْنِیْ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ

برائے صفائی باطن

جو شخص اپنے باطن کی صفائی کا خواہش مند ہو تو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لیے ایک سو تین مرتبہ نادعلی پڑھے اور اوّل وآخر سات بار درود پاک ذیل پڑھ کر چھاتی اور دونوں ہاتھ کی ہتھیلیوں پر پھونک مار کر دائیں بائیں بازو پر ہاتھ پھیر دے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس کا باطن صاف ہوجائے گا۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ

وافر پیداوار زراعت

جو کوئی شخص اپنے کھیت کی پیداوار میں برکت یا اضافہ چاہتا ہو تو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لیے ایک سو ایک مرتبہ نادعلی اور اوّل وآخر گیارہ، گیارہ مرتبہ ذیل کے درود پاک کی منزل کرے، پھر ایک مرتبہ نادعلی کسی چینی کی پلیٹ پر زعفران وگلاب سے لکھ کر دھوئے اور پانی زراعت یا باغبانی پر چھڑکے تو بفضلِ رب تعالیٰ پیداوار خوب ہوگی۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَرَسُوْلِکَ وَصَلِّ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ

حصول رشتہ

اگر کسی کی کنواری بیٹی ہو اور وہ چاہتا ہو کہ اس کی جلد از جلد کسی اچھی جگہ شادی ہوجائے تو اس مقصد کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید اور مجرب ہے۔

اُسے چاہیئے کہ نماز عشاء کے بعد دو رکعت نفل نماز پڑھے اور اس کے بعد قبلہ

رو بیٹھ کر توجہ ویکسوئی کے ساتھ گیارہ مرتبہ نادعلی پڑھے' پھر اللہ تعالیٰ کا اسم حسنیٰ یا وھاب ایک سو مرتبہ پڑھے' اوّل وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے' اس کے بعد اللہ تعالیٰ جل شانہ سے دُعا مانگے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم چالیس یوم کے اندر اندر بفضل باری تعالیٰ مطلوبہ مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔

حصول ترقی و عزت

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہو کہ اُسے عزت و مرتبہ حاصل ہو اور لوگ اس کی عزت کریں اور وہ لوگوں کی نظروں میں معزز کہلایا جائے تو اس مقصد کے لیے ذیل کا عمل بے حد مجرب اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لیے اُسے چاہیئے کہ وہ ہر نماز کے بعد اسی طرح یعنی نماز فجر کی سنت اور فرض کے درمیان گیارہ مرتبہ نادعلی پڑھے اور اوّل وآخر سات مرتبہ درود شریف ذیل پڑھے۔

نماز فجر کی ادائیگی کے بعد اکیس مرتبہ نادعلی پڑھے۔
نماز ظہر کی ادائیگی کے بعد بائیس مرتبہ نادعلی پڑھے۔
نماز عصر کے بعد تینتیس مرتبہ نادعلی پڑھے۔
نمازِ مغرب کے بعد چوبیس مرتبہ نادعلی پڑھے۔
نماز عشاء کے بعد دس مرتبہ نادعلی پڑھے۔
اس کے بعد اللہ تعالیٰ عزوجل سے دُعا مانگے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم دُعا قبول ہوگی اور اللہ تعالیٰ عزت ومرتبہ سے نوازے گا۔ (آمین)۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ

حفاظت حمل

اگر کسی عورت کا حمل ٹھہر کر گر جاتا ہو تو اس کو قائم رکھنے کی غرض سے جب بھی عورت کو حمل ٹھہرے تو اکتالیس مرتبہ نادعلی باوضو حالت میں پڑھ کر کسی میٹھی چیز پر دم کرے۔ اوّل وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھ کر اس عورت کو کھلا دے۔

علاوہ ازیں ذیل کا نقش زعفران وگلاب و مشک سے کسی سفید کاغذ پر بنا کر اور اس پر خوشبو لگا کر عورت کے بائیں بازو پر باندھ دیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس کا حمل قائم رہے گا۔

نقش:۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

۱۱۳۷	۱۱۲۴	۱۱۳۱	۱۱۳۴
۱۱۳۰	۱۱۳۵	۱۱۳۶	۱۱۲۵
۱۱۳۲	۱۱۲۹	۱۱۲۶	۱۱۳۹
۱۱۲۷	۱۱۳۸	۱۱۳۳	۱۱۲۸

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَدَوَائِھَا وَعَافِیَةِ الْاَبْدَانِ وَشِفَآئِھَا وَنُوْرِ

الْاَبْصَارِ وَضِيَآئِهَا وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ كُلِّ ذَرَّةٍ وَّخَلَا ئِقَ

برائے حب

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ دوسرا اس پر فریفتہ ہوجائے دوسرے کے دل میں اس کی محبت والفت پیدا ہوجائے تو اس مقصد کے لیے ذیل کا عمل بے حد نافع اور مجرب ہے۔

اس مقصد کے لیے اُسے چاہیئے کہ اکتالیس مرتبہ نادعلی پڑھے' اوّل وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ لے اور کسی میٹھی چیز پر دم کر کے مطلوب کو کھلا دے۔

علاوہ ازیں ذیل کا نقش زعفران وگلاب و مشک سے کسی سفید کاغذ پر بنا کر اور اس پر خوشبو لگا کر اپنے دائیں بازو پر باندھ دیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس کے دل میں طالب کی محبت پیدا ہوجائے گی اور اس کا دل طالب کی طرف مائل ہوگا۔

نوٹ:۔یہ عمل صرف جائز مقصد کے لئے کرنے کی اجازت ہے ورنہ نقصان کے ذمہ دار آپ خود ہوں گے۔

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۱۲۴۱۵	۱۲۴۰۶	۱۲۴۲۰	۱۲۴۰۹
۱۲۴۱۲	۱۲۴۱۷	۱۲۴۰۷	۱۲۴۱۴
۱۲۴۰۵	۱۲۴۱۶	۱۲۴۱۰	۱۲۴۱۹
۱۲۴۱۸	۱۲۴۱۱	۱۲۴۱۳	۱۲۴۰۸

درود شریف:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الْحَبِيْبِ الْعَالِى الْقَدْرِ الْعَظِيْمِ الْجَاهِ بِقَدْرِ عَظْمَةِ ذَاتِكَ

حصول اولاد نرینہ

جو عورت اولاد نرینہ کی خواہش رکھتی ہو تو اس مقصد کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور مجرب ہے۔

اس مقصد کے لیے عورت نماز کی پابند ہو' اوّل سات روزے رکھے اور پنج گانہ نماز کے بعد ایک تسبیح نادعلی کا ورد کرے اور تسبیح مائی فاطمۃ الزاہر رضی اللہ تعالیٰ عنہا روزانہ پڑھے اور نادعلی کو آب زم زم سے لکھے اور لکھنے کے دوران بھی نادعلی کا ورد کرتی رہے' اوّل وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھ کر اس کو دھو کر پی لے۔

علاوہ ازیں ذیل کا نقش زعفران وگلاب و مشک سے کسی سفید کاغذ پر بنا کر اور اس پر خوشبو لگا کر اپنے دائیں بازو پر باندھ لے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم بفضلِ باری تعالیٰ اسے فرزند ہی نصیب ہوگا۔

درود پاک:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى نُوْرِ الْاَنْوَارِ وَسِرِّ الْاَنْوَارِ وَتِرْيَاقِ الْاَغْيَارِ وَمِفْتَاحِ الْيَسَارِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْمُخْتَارِ وَاٰلِهِ الْاَطْهَارِ وَاَصْحَابِهِ الْاَخْيَارِ عَدَدَ نِعَمِ اللّٰهِ وَاَفْضَالِهٖ

نقش مکرم:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

یاجبرائیل یامیکائیل

۱۲۳۰۵	۱۲۳۱۸	۱۲۳۱۵	۱۲۳۱۲
۱۲۳۱۶	۱۲۳۱۱	۱۲۳۰۶	۱۲۳۱۷
۱۲۳۱۰	۱۲۳۱۳	۱۲۳۲۰	۱۲۳۰۷
۱۲۳۱۹	۱۲۳۰۸	۱۲۳۰۹	۱۲۳۱۴

یاعلی یاعلی یاعلی
یاعلی یاعلی یاعلی
یاعلی یاعلی یاعلی

یاعزرائیل یااسرافیل

خاتم المشکلات

اگر کوئی شخص کسی مہم پر جانے کا ارادہ رکھتا ہو اور کوئی خوف وخطر محسوس کرتا ہو راستے کی رکاوٹوں کا خطرہ درپیش ہو غرضیکہ جو بھی خیال ذہن پر سوار ہو اس کو مٹانے اور مہم میں کامیابی حاصل کرنے کے لیے ذیل کا عمل بے حد اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔

اس مقصد کے لیے نادعلی بکثرت پڑھتا رہے، اوّل وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف تسخیر پڑھ لے۔

علاوہ ازیں ذیل کا نقش زعفران وگلاب ومشک سے کسی سفید کاغذ پر بنا کر اور اس پر خوشبو لگا کر اپنے دائیں بازو پر باندھ دیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم خیر وعافیت مہم حل ہوگی اور راستے کی تمام رکاوٹیں دور ہوجائیں گی۔

نقش:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۱۱۲۱	۱۱۳۵	۱۱۳۲	۱۱۲۸
۱۱۳۳	۱۱۲۷	۱۱۲۲	۱۱۳۴
۱۱۲۶	۱۱۳۰	۱۱۳۷	۱۱۲۳
۱۱۳۶	۱۱۲۴	۱۱۲۵	۱۱۳۱

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَتَوَجَّہُ وَاَتَقَرَّبُ اِلَیۡکَ وَاَسۡئَلُکَ بِالصَّلٰوۃِ عَلَی النَّبِیِّ الۡاُمِّیِّ مَعۡدِنِ الۡجُوۡدِ وَالسَّخَاوَۃَ وَمَعۡدِنِ الۡاَخۡلَاقِ وَالۡمُرُوَّۃِ وَمَعۡدِنِ الۡاَلۡطَافِ وَالۡمَوَدَّۃِ وَمَعۡدِنِ التَّسۡخِیۡرِ وَالۡمَحَبَّتِ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَعَلٰی جَمِیۡعِ الۡاَنۡبِیَاءِ وَالۡمَحۡبُوۡبِیۡنِ وَالۡمُرۡسَلِیۡنَ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ اَجۡمَعِیۡنَ یَا مُؤَلِّفُ تَاَلَّفۡتَ بِالۡاُلۡفَۃِ وَالۡاُلۡفَۃُ فِیۡ اُلۡفَۃِ اُلۡفَتِکَ یَا مُؤَلِّفُ اَللّٰھُمَّ سَخِّرۡلِیۡ قُلُوۡبَ الۡمُؤۡمِنِیۡنَ کَمَا سَخَّرۡتَ لِمُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَسَلَّمَ اَللّٰھُمَّ سَخِّرۡ فِیۡ عَیۡنِیۡ تَسۡخِیۡرًا وَسَخِّرۡ فِیۡ لِسَانِیۡ تَسۡخِیۡرًا وَجۡھِیۡ تَسۡخِیۡرًا وَسَخِّرۡ فِیۡ نَفۡسِیۡ تَسۡخِیۡرًا کَثِیۡرًا دَائِمًا یَا مُسَخِّرُ تَسَخَّرۡتَ بِالتَّسۡخِیۡرِ فِیۡ تَسۡخِیۡرِ تَسۡخِیۡرِکَ یَا مُسَخِّرُ

حصول رشتہ

جس کسی کی لڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو تو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لیے عبارات ذیل لکھ کر گلے میں ڈالے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم کنواری لڑکی کو نیک شوہر ملے گا۔

عبارات:۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ وَمِنۡ كُلِّ شَيۡءٍ خَلَقۡنَاهُ زَوۡجَيۡنِ لَعَلَّكُمۡ تَذَكَّرُوۡنَ اَللّٰهُمَّ بِحَقِّ قَوۡلِكَ هٰذَا وَبِحُرۡمَةِ نَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ تعالٰى عَلَيۡهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَنۡ تَرۡزُقَ فلاں بِنۡتَ فَلَانٍ زوجًا مَوَافِقًا غَيۡرَ مُخَالِفٍ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجۡمَعِيۡنَ بِحَقِّ نَادِ عَلِيًّا مَظۡهَرَ الۡعَجَائِبِ تَجِدۡهُ عَوۡنًا لَّكَ فِي النَّوَائِبِ كُلُّ هَمٍّ وَغَمٍّ سَيَنۡجَلِيۡ بِعَظۡمَتِكَ يَااَللّٰهُ يَااَللّٰهُ يَااَللّٰهُ بِنُبُوَّتِكَ يَامُحَمَّدُ يَامُحَمَّدُ يَامُحَمَّدُ بِوِلَايَتِكَ يَاعَلِيُّ يَاعَلِيُّ يَاعَلِيُّ

حصول روزگار

اگر کسی کی روزی کا کوئی ذریعہ نہ ہواور کاروبار کے لئے سرمایہ نہ ہو یا ملازمت کا حصول ناممکن ہواور کسی بھی طرح روزگار کا کوئی ذریعہ نہ بنتا ہو تو ایسی صورت میں ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لیے اُسے چاہیئے کہ چاند کے مہینے میں جب پہلا جمعۃ المبارک آئے تو فجر کی نماز پڑھنے کے بعد اس دن سے اس عمل کو شروع کرے یعنی جمعۃ المبارک کے دن سے لے کر روزانہ بلاناغہ اکتالیس مرتبہ نادعلی بمع بسم اللہ شریف اکتالیس روز تک پڑھے، نادعلی پڑھنے کے بعد ایک سو ایک مرتبہ اللہ تعالیٰ کا اسم مبارک یا رزاق کا ورد کرے، پھر اوّل وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف تاج کا ورد کرے اور روزگار کے حصول کے لئے دُعا مانگے۔

علاوہ ازیں ذیل کا نقش زعفران وگلاب و مشک سے کسی سفید کاغذ پر بنا کر اور اس پر خوشبو لگا کر اپنے دائیں بازو پر باندھ دیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم بفضل رب تعالیٰ اس کی روزی کے اسباب بہت جلد پیدا ہوجائیں گے۔

[illegible]

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

۱۲۴۱۸	۱۲۴۰۵	۱۲۴۱۲	۱۲۴۱۵
۱۲۴۱۱	۱۲۴۱۶	۱۲۴۱۷	۱۲۴۰۶
۱۲۴۱۳	۱۲۴۱۰	۱۲۴۰۷	۱۲۴۲۰
۱۲۴۰۸	۱۲۴۱۹	۱۲۴۱۴	۱۲۴۰۹

علاج غصہ

اگر خاوند کو بات بات پر غصہ آجاتا ہو اور کسی کی بات نہ برداشت کرتا ہو اور ہر وقت لڑنے جھگڑنے پر آمادہ رہتا ہو اور طبیعت میں بہت زیادہ اکھڑپن ہو کسی کی نہ سنتا

پوچھتا ہو اور بلاوجہ غصہ کرتا ہو تو اس مقصد کے لیے ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور اکسیر کا درجہ رکھتا ہے اس مقصد کے لیے عورت کو چاہیئے کہ اکتالیس مرتبہ نادعلی باوضو حالت میں پڑھ کر پانی پر دم کرے اور ہر روز یہ دم کیا ہوا پانی اسے پلایا جائے۔

بفضلِ باری تعالیٰ اس کا غصہ جاتا رہے گا' طبیعت میں نرمی اور رحم دلی کے جذبات پیدا ہوجائیں گے۔ نادعلی کی برکت سے اس کی طبیعت اعتدال پر آجائے گی اور اس میں صبر وبرداشت کا مادہ پیدا ہوجائے گا۔

علاج اختلاج قلب

اگر کسی کو اختلاج قلب کا عارضہ لاحق ہو تو اسے چاہیئے کہ وہ فجر کی اذان کے فوراً بعد اوّل سات مرتبہ درود پاک ذیل پڑھے۔ پھر سات مرتبہ نادعلی کا ورد کرے' اس کے بعد پھر سات مرتبہ درود پاک پڑھے اور اپنے اوپر دم کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم بفضلِ باری تعالیٰ مرض جاتا رہے گا۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ

علاج پھوڑے پھنسی

اگر کسی کو پھوڑے پھنسی کی وجہ سے تکلیف ہو اور جلد کے متاثرہ حصہ پر سوجن' ورم اور درد رہتی ہو تو ایسی صورت میں سات دن تک ہر نماز کے بعد اوّل اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے' پھر دس مرتبہ نادعلی کا ورد کرے' اس کے بعد پھر اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے اور پھوڑے پھنسی پر دم کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم سات یوم کے اندر ہی پھوڑے پھنسی سے ہوجائے گا۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی رُوْحِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاَرْوَاحِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی قَلْبِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْقُلُوْبِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی جَسَدِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَجْسَادِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی قَبْرِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْقُبُوْرِ

علاج خونی و بادی بواسیر

جس شخص کو خونی وبادی بواسیر کی شکایت ہو اور کسی طرح سے بھی آرام نہ آرہا ہو ایسی صورت میں ذیل کا عمل بے حد مفید اور مجرب ہے۔

اس مقصد کے لیے ہر روز ایک گلاس پانی کا لے کر اس پر اوّل اکیس مرتبہ درود پاک ذیل پڑھے پھر سات مرتبہ نادعلی کا ورد کرے اس کے بعد پھر اکیس مرتبہ ذیل کا درود پاک پڑھے اور پانی دم کرکے پیئے اور پانی پیتے وقت بسم اللہ شریف پڑھے اور دائیں ہاتھ سے گلاس پکڑے اور یہ ورد کرتے ہوئے پی جائے۔

ورد:۔

یا اللہ شافی:۔ اے اللہ پاک! شفاء دینے والا تو ہے بڑا رحیم وکریم ہے تو مجھے اس موذی مرض سے نجات دے۔ (آمین)

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم بفضل باری تعالیٰ صحت کاملہ ملے گی۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی رُوْحِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاَرْوَاحِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی قَلْبِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

فِی الْقُلُوْبِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی جَسَدِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَجْسَادِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی قَبْرِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْقُبُوْرِ

علاج مرض آتشک

اگر کوئی شخص آتشک کے مرض میں مبتلا ہو تو اسے چاہیئے کہ وہ دن میں اکیس مرتبہ اوّل وآخر درود شریف ذیل پڑھے، پھر گیارہ مرتبہ نادِ علی کا ورد کرے، اس کے بعد پھر اکیس مرتبہ ذیل کا درود پاک پڑھے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم بفضلِ باری تعالیٰ جلد ہی مرض سے چھٹکارا حاصل ہوجائے گا۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ

عمل معظم برائے مشکلات

جو کوئی اس بات کا خواہاں ہو کہ اس کی ہر مشکل آسان ہو سب پریشانیاں دور ہوں، ایمان سلامت رہے، اللہ تعالیٰ ہر جگہ مدد فرمائے، دشمن برباد ہوں، حاسد اپنی آگ میں جلیں، نزع آسان ہو، قبر میں شاداں ہو، نیکیوں کا پلہ بھاری ہو، قرض سے سبکدوشی ہو اگرچہ پہاڑ برابر ہو تو اس مقصد کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لیے ذیل کی دُعا کو روزانہ بعد نماز فجر اور عصر گیارہ گیارہ مرتبہ بمعہ درود پاک تنجینا ذیل پڑھنے کا معمول بنالے۔

دُعا:۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْھَمِّ وَالْحُزْنِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ غَلَبَةِ الدَّیْنِ وَقَھْرِ الرِّجَالِ اَللّٰھُمَّ اكْسِنِیْ كُلَّ مُھْرٍ مِّنْ حَیْثُ شِئْتَ وَمِنْ اَیْنَ شِئْتَ حَسْبِیَ اللّٰهُ لِدِیْنِیْ حَسْبِیَ اللّٰهُ لِدُنْیَایَ حَسْبِیَ اللّٰهُ لِمَا اَھَمَّنِیْ حَسْبِیَ اللّٰهُ لِمَنْ بَغٰی عَلَیَّ حَسْبِیَ اللّٰهُ لِمَنْ حَسَدَ نِیْ حَسْبِیَ اللّٰهُ لِمَنْ كَادَنِیْ بِسُوْءٍ

حَسْبِیَ اللّٰهُ عِنْدَ الْمَوْتِ حَسْبِیَ اللّٰهُ عِنْدَ الْمَسْئَلَةِ فِی الْقَبْرِ حَسْبِیَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْهِ تَوَكَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ط بِحَقِّ نَادِ عَلِیًّا مَظْھَرَ الْعَجَآئِبِ تَجِدْهُ عَوْنًا لَّكَ فِی النَّوَآئِبِ كُلُّ ھَمٍّ وَغَمٍّ سَیَنْجَلِیْ بِعَظَمَتِكَ یَااَللّٰهُ یَااَللّٰهُ یَااَللّٰهُ بِنُبُوَّتِكَ یَامُحَمَّدُ یَامُحَمَّدُ یَامُحَمَّدُ بِوِلَایَتِكَ یَاعَلِیُّ یَاعَلِیُّ یَاعَلِیُّ (تین مرتبہ)

بدکار شوہر کو راستی پر لانا

جس کسی کا خاوند بدکار ہو اور وہ عورت اس وجہ سے بہت زیادہ پریشان ہو تو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لیے عبارات ذیل لکھ کر گلے میں پہنے۔
انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم بدکار شوہر راہ راست پر آجائے گا۔

عبارات:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ وَمِنۡ کُلِّ شَیۡءٍ خَلَقۡنَاہُ زَوۡجَیۡنِ لَعَلَّکُمۡ تَذَکَّرُوۡنَ اَللّٰھُمَّ بِحَقِّ قَوۡلِکَ ھٰذَا وَبِحُرۡمَةِ نَبِیِّکَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ تعالیٰ عَلَیۡهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَنۡ تَرۡزُقَ فلاں بِنۡتَ فَلَان زوجًا مُوَافِقًا غَیۡرَ مُخَالِفٍ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجۡمَعِیۡنَ بِحَقِّ نَادِ عَلِیًّا مَظۡهَرَ الۡعَجَآئِبِ تَجِدۡهُ عَوۡنًا لَّکَ فِی النَّوَآئِبِ کُلَّ هَمٍّ وَّغَمٍّ سَیَنۡجَلِیۡ بِعَظۡمَتِکَ یَااَللّٰہُ یَااَللّٰہُ یَااَللّٰہُ بِنُبُوَّتِکَ یَامُحَمَّدُ یَامُحَمَّدُ یَامُحَمَّدُ بِوِلَایَتِکَ یَاعَلِیُّ یَاعَلِیُّ یَاعَلِیُّ

جانور کا دودھ کم دینا

جو مویشی گائے بھینس، بکری، اونٹنی وغیرہ کسی بھی وجہ سے مقررہ تعداد میں دودھ کم دینا شروع کر دے اور علاج معالجہ کارگر ثابت نہ ہوتا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل از حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کا نقش زعفران وگلاب و مشک سے چینی کی پلیٹ بنائیں اور اس کو ٹیوب ویل/کنویں/بارش کے پانی سے دھو لیں، اس میں سے آدھا پانی جانور کے چوکر/ونڈ میں ملا دیں اور آدھے پانی سے اس کے تھن خوب اچھی طرح دھوئیں۔ اس عمل کو روزانہ سات یوم تک کرنے سے بفضل باری تعالیٰ وہ جانور پہلے سے

بھی زیادہ دودھ دینا شروع کر دے گا۔ مجرب اور مفید ہے۔

نقش:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

انت الشافی هو الشافی

۱۷۴۸	۱۷۵۱	۱۷۵۴	۱۷۴۱
۱۷۵۳	۱۷۴۲	۱۷۴۷	۱۷۵۲
۱۷۴۳	۱۷۵۶	۱۷۴۹	۱۷۴۶
۱۷۵۰	۱۷۴۵	۱۷۴۴	۱۷۵۵

انت الشافی هو الشافی

نَادِ عَلِیًّا مَظۡهَرَ الۡعَجَآئِبِ تَجِدۡهُ عَوۡنًا لَّکَ فِی النَّوَآئِبِ کُلُّ هَمٍّ وَّغَمٍّ سَیَنۡجَلِیۡ بِعَظۡمَتِکَ یَااَللّٰہُ یَااَللّٰہُ یَااَللّٰہُ بِنُبُوَّتِکَ یَامُحَمَّدُ یَامُحَمَّدُ یَامُحَمَّدُ بِوِلَایَتِکَ یَاعَلِیُّ یَاعَلِیُّ یَاعَلِیُّ

علاج کمر درد

کمر درد میں افاقہ حاصل کرنے کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید اور اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔

اس مقصد کے لیے باوضو حالت میں شیشے کی پلیٹ پر ایک مرتبہ نادعلی لکھ کر روغن بلسان خالص سے اس کو پانی کی طرح دھو لیں، پھر اس تیل پر ستر مرتبہ نادعلی پڑھ کر کسی شیشی میں تیل محفوظ کر لیں، اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھ کر کمر درد ہونے کی صورت میں تیل کی خوب اچھی طرح مالش کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم بفضلِ باری تعالیٰ درد میں آرام آجائے گا۔

درود پاک:۔

